© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

● **مولانا وکیل احمد شیروانی رحمۃ اللہ علیہ:** مجلس صیانۃ المسلمین کے روح ورواں اور ماہنامہ الصیانہ لاہور کے مدیر حضرت مولانا وکیل احمد شیروانی ۱۷ر جنوری ۲۰۱۶ء کو طویل علالت کے بعد لاہور میں انتقال کر گئے۔

● حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ کی صاحبزادی، حضرت مولانا مفتی احمد الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ کی اہلیہ، محدث کبیر مولانا عبدالرحمٰن کامل پوری رحمہ اللہ کی بہو اور مولانا عزیز الرحمٰن کی والدہ ماجدہ ۱۳ر جمادی الاولیٰ ۱۴۳۷ھ/ ۲۲ر فروری ۲۰۱۶ء کو کراچی میں انتقال کر گئیں۔

● ممتاز محقق، مصنف ومؤرخ مولانا حکیم محمود احمد ظفر مدظلہ (سیالکوٹ) کی اہلیہ محترمہ جنوری ۲۰۱۶ء میں انتقال کر گئیں۔

● مجلس احرار اسلام لاہور کے مخلص کارکن سید امجد علی شاہ کی اہلیہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

● ماہنامہ نقیب ختم نبوت کے قاری اور ہمارے رفیق فکر ملک غلام محمد (ڈھوک نور شاہ، چکڑ الہ) انتقال: ۲۱ر جنوری ۲۰۱۶ء

● **صوفی محمد یوسف رحمہ اللہ:** مجلس احرار اسلام چک نمبر 96WB گڑھا موڑ (ضلع وہاڑی) کے قدیم مخلص کارکن صوفی محمد یوسف صاحب یکم جمادی الاوّل ۱۴۳۷ھ/ ۱۰ر فروری ۲۰۱۶ء بدھ کو انتقال کر گئے۔ مرحوم گزشتہ چالیس سال سے مجلس کے ساتھ وابستہ تھے۔ وہ مجلس احرار اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن رہے۔ جماعت کے ساتھ فکری ونظریاتی اور عملی وابستگی کے سفر میں انھوں نے وفا وایثار اور خلوص واستقامت کی لازوال مثال قائم کی۔ مرحوم ان کارکنوں میں سے تھے جو جماعت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ وہ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ کی نمازِ جنازہ میں شرکت کندھا دینے کی سعادت حاصل ہوئی۔ صوفی محمد یوسف رحمۃ اللہ علیہ کا بیعت کا تعلق جانشین امیرِ شریعت مولانا سید ابومعاویہ ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے تھا۔ ان کی رفاقت وصحبت نے عقیدہ وایمان کی پختگی کی نعمت سے نوازا۔ حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی رفاقت میں احرار میں کام کیا اور اب حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری کی قیادت میں احرار میں سرگرم تھے۔ مرحوم ایک مخلص، سادہ اور صالح انسان تھے۔ ان کے فرزند قاری محمد طاہر گڑھا موڑ میں جماعت کے زیرِ انتظام مدرسہ ختم نبوت میں بچوں کو قرآن کریم پڑھاتے ہیں۔ یہ خدمت یقیناً مرحوم کے لیے صدقہ جاریہ ہے۔ قائد احرار حضرت سید عطاء المہیمن بخاری، جناب عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری، سید عطاء المنان بخاری اور دیگر احرار رہنماؤں نے مرحوم کے لیے مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر کی دعا کی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔

● **غلام مصطفیٰ عجمی مرحوم:** الٰہ آباد میلسی ضلع وہاڑی میں ہمارے قدیم مہربان جناب غلام مصطفیٰ عجمی ۴ر فروری ۲۰۱۶ء کو انتقال کر گئے۔ مرحوم لکھنے پڑھنے کا اعلیٰ ذوق رکھتے تھے۔ صحافت سے بھی منسلک رہے، حضرت امیر شریعت کے انتہائی ارادت مند تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



● **ماسٹر غلام یٰسین رحمہ اللہ:** مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے قدیم و مخلص کارکن اور مرکزی مجلس شوریٰ کے سابق رکن جناب ماسٹر غلام یٰسین ۳۰ رجنوری ۲۰۱۶ء کو تلہ گنگ ضلع چکوال میں انتقال کر گئے۔ ایک ایسا مخلص اور وفادار کارکن جس نے کبھی نام و نمود کی خواہش نہ کی لیکن احرار میں شامل ہوئے تو وقت اور مال دونوں جماعت پر بے دریغ خرچ کیے اور گمنامی میں زندگی تمام کر دی۔ انتہائی صالح، متقی، بے نفس اور ایثار پیشہ انسان تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کے حسنات قبول فرمائے اور مغفرت فرما کر اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔

قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، ناظم اعلیٰ عبد اللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری، مولانا محمد مغیرہ اور میاں محمد اویس نے مرحوم کے پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے دعاءِ مغفرت کی اور مرحوم کی دینی خدمات پر خراجِ تحسین پیش کیا۔

● مجلس احرار اسلام قاسم بیلہ کے قدیم کارکن نظام دین (مہتمم مدرسہ نعمانیہ تعلیم القرآن ملتان کینٹ) کے بڑے بھائی مولانا محمد یٰسین ۹ رفروری ۲۰۱۶ء انتقال کر گئے۔

● مولانا قاضی عبدالرشید (فیصل آباد) کی بھابی صاحبہ 22 جنوری کو انتقال کر گئیں مرحومہ کی نماز جنازہ چک نمبر 113-7R چیچہ وطنی میں ادا کی گئی، مرحومہ قاری محمد شفیق 113-7R اور قاضی ذیشان آفتاب (مسجد ختم نبوت رحمٰن سٹی چیچہ وطنی) کی عزیزہ تھیں۔

● جامعہ رشیدیہ ساہیوال کے ناظم قاری سعید ابن شہید کے برادر نسبتی قاری محمد عالمگیر ابن حضرت قاری اعزاز النبیؒ ابن شیخ الادب مولانا اعزاز علی دیوبندیؒ 22 جنوری جمعۃ المبارک کو شارجہ میں انتقال کر گئے مرحوم کی نماز جنازہ 25 جنوری کو اوکاڑہ میں ادا کی گئی ،یاد رہے کہ مرحوم قاری محمد عالمگیر حضرت مولانا عاشق الٰہی میرٹھیؒ کے نواسے تھے ،نماز جنازہ میں علماء کرام ،دینی رہنماؤں اور کارکنوں کی بہت بڑی تعداد شریک ہوئی، مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل جناب عبد اللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری اور دیگر حضرات نے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعائے مغفرت کی ہے، مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے ناظم شیخ مظہر سعید نے نماز جنازہ میں شرکت کی اور قاری سعید ابن شہید سے تعزیت کا اظہار کیا۔

● چیچہ وطنی جماعت کے امیر چودھری انوار الحق کے والد گرامی حاجی نذیر احمد (رحمانیہ کتب خانہ) 17۔فروری، بدھ کو انتقال فرما گئے۔

● چیچہ وطنی میں ہمارے معاون خصوصی حافظ محمد اشرف مدنی کے برادرِ خورد محمد اکبر (چک نمبر 42-12 ایل) 20۔فروری، ہفتہ کو انتقال فرما گئے

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائیں، ان کی حسنات قبول فرمائیں اور درجات بلند فرما کر اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائیں۔

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین اور ساری امت کے لیے دعاء مغفرت اور ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔

## دعاءِ صحت

● سید محمد کفیل بخاری کے والد ماجد حضرت حافظ سید محمد وکیل شاہ صاحب مدظلہ گزشتہ سات ماہ سے شدید علیل ہیں۔ احباب و قارئین ان کی صحت یابی کے لیے خصوصی دعا فرمائیں۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com